| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 2 | تاریخ: _______ | وقت: 40منٹ |

سبق کا نام: ہمارا علاقہ

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اپنے گھر کے متعلق بتا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں وہ کہاں رہتے ہیں؟ ان سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں گھر اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے۔

**طریقہ تدریس:** 20منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''ہمارا علاقہ'' نمایاں کر کے لکھیں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 21 سے متن پڑھنے کو کہیں۔ طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ سے ان کے گھر کے بارے میں پوچھیں:

  اِن کے گھر میں کتنے کمرے ہیں؟

  گھر میں کتنے افراد رہتے ہیں؟

  آپ اپنے گھر کو صاف رکھنے میں کیا مدد کرتے ہیں؟
- طلبہ سے باری باری جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مل جُل کر رہنا | مل۔ جُل۔ کر۔ رہ۔ نا | اکٹھے ہو کر رہنا |

| | | |
|---|---|---|
| ضرورت | ضَ۔رُو۔رَت | خواہش |
| مطابق | مُ۔طا۔بِق | لحاظ سے |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں کہ :

گھر کتنی اقسام کے ہوتے ہیں؟

ہمسایہ کسے کہتے ہیں؟

کیا آپ اپنے ہمسایوں کا خیال رکھتے ہیں؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کروائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے ان کے گھر کی تصویر بنوائیں۔

| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: ہمارا علاقہ

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یہ جان لیں کہ کئی خاندان مل کر جس جگہ رہتے ہیں، اُسے محلہ کہتے ہیں۔
- اپنے علاقے کے متعلق بتا سکیں (لوگ، گلیاں، دکانیں، کھیت، کھیل کے میدان، پارک وغیرہ)۔
- ایک محلے کی تصویری نقشے پر اپنے محلے میں موجود اہم مقامات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''ہمارا علاقہ'' لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

کیا وہ گھر کو صاف رکھنے میں اپنے والدین کا ساتھ دیتے ہیں؟ طلبہ کو بتائیں کہ ہمارے علاقے میں رہنے والے لوگ ہماری زندگی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

انھیں بتائیں کہ آج ہم اپنے محلے کے بارے میں جانیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 22 سے متن کی پڑھنے کو کہیں۔ ''پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔
- مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ہمارے گھر کے ارد گرد رہنے والے لوگ ہمارے ہمسائے کہلاتے ہیں۔
- طلبہ سے پوچھیں:

  آپ کے گھر کے قریب کون کون سی جگہیں ہیں؟

آپ کے محلے میں آپ کے کتنے دوست ہیں؟

آپ اپنے دوستوں کے ساتھ کونسے کھیل کھیلتے ہیں؟

- طلبہ کو ہدایت دیں کہ اپنے ہمسایوں کا خیال رکھیں اور انھیں بتائیں کہ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ نے ہمسایوں/پڑوسیوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کا حکم دیا ہے اور بہت سے مواقع پر ہمسائے کے حقوق پر زور دیتے ہوئے فرمایا: ''پڑوسی کی عزت کرو''۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| خاندان | خان۔دان | قبیلہ/کنبہ |
| ارد گرد | اِرد۔ گرد | آس پاس |
| خوشی | خُ۔ شِی | جشن |
| غم | غَم | رَنج/دکھ |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گئے سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

آپ اپنے محلے کو کیسے صاف رکھتے ہیں؟

**گھر کا کام:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سر گرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

طلبہ اپنے محلے کے بارے میں ایک دوسرے کو بتائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: ہمارا علاقہ

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ان چیزوں کی نشاندہی کر سکیں جو کسی علاقے کی صفائی یا گندگی کی وجہ ہو سکتی ہیں۔
- اپنے کمرے اور محلے کے صاف ستھرا رکھنے کے طریقوں کو جان سکیں ان پر عمل کر سکیں۔
- ایک محلے کی تصویری نقشے پر اپنے محلے میں موجود اہم مقامات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''ہمارا علاقہ'' لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- ہمسایہ کسے کہتے ہیں؟

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ کتاب کے صفحہ نمبر 22 سے متن پڑھیں۔'' پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو مشکل پیش آئے تو ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو نقشے کا مطلب سمجھائیں اور اس کی اہمیت سے آگاہ کریں انھیں بتائیں کہ نقشے کی مدد سے ہم اپنے ارد گرد موجود جگہوں کے بارے میں بآسانی جان سکتے ہیں۔
- انھیں فلیش کارڈ کی مدد سے تصویری نقشہ اور اس پر موجود مختلف جگہیں بتائیں
- طلبہ کو محلے کی صفائی کے بارے میں بتائیں کہ ہمیں اپنے محلے کو اپنے گھر کی طرح صاف رکھنا چاہیے۔
- محلے کو صاف رکھنے کے لیے ہم کچھ احتیاطی تدابیر کر سکتے ہیں۔

(1) گلیوں اور دیواروں کو گندا نہ کریں۔

(2) کوڑا کوڑے دان میں ڈالیں۔

(3) گلیوں میں گندا پانی جمع نہ ہونے دیں۔

- طلبہ کو ہدایت دیں کہ ہمیں بھی اپنے گھر اور محلے کو صاف رکھنا چاہیے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| بآسانی | بَہ۔آ۔سا۔نی | آسانی سے |
| کوڑے دان | کُو۔ڑے۔دان | کوڑا ڈالنے کا ڈبہ |
| محلہ | مَ۔حَل۔لہ | گلی |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے پوچھیں:

- شام کو آپ اپنے دوستوں کے ساتھ کہاں اور کونسا کھیل کھیلتے ہیں؟

**گھر کا کام:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

طلبہ ان کاموں کی فہرست بنائیں جو وہ اپنے محلے کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے کرتے ہیں۔